سوال

(516)مقدس کاغذات کو جلانا یا پانی بہانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کافی لوگوں سے سنا ہے کہ اگر اخبارات کتابوں یا رسالوں میں کسی جگہ بھی اللہ کا یا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نام آجائے تو اسے دیوار میں دبا دینا چاہیے یا پانی میں بہا دینا چاہیے یا جلا دینا چاہیے ۔ کافی لوگوسے سنا ہے کہ جلادینے سے اللہ کا نام اڑجاتا ہے کیا ضائع کرنے کے مذکورہ طریقے درست ہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کاغذ کا پرزہ جس پر عزوجل کا اسم ہو یا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی ہو اس کے ضیاع کی مذکورہ شکلوں سے کوئی بھی اختیار کی جا سکتی ہے تاہم مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اسے دفن کر دیا جائے یا پانی میں بہا دیا جائے ۔

اسم مبارک کے اڑنے کا مسئلہ بے بنیاد ہے اس کی کوئی دلیل نہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص808

محدث فتویٰ